57

آیات نمبر 92 تا 99 میں مسلمانوں کو اپنی محبوب ترین چیزوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی ہدایت۔ کھانے کی کچھ چیزیں جو اہل کتاب کے نزدیک حرام تھیں، ان کے بارے میں وضاحت کہ یہ تمام چیزیں ابراہیم علیہ السلام کی شریعت میں حلال تھیں۔ اہل کتاب کو ایک دفعہ پھر اسلام قبول کرنے کی دعوت اور انکار کرنے والوں کو تنبیہ

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۚ۬ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۹۲﴾ تم ہرگز کامل نیکی کے درجہ تک نہ پہنچ سکو گے جب تک تم اپنی وہ چیزیں جو تمہیں بہت عزیز ہیں اللہ کی راہ میں خرچ نہ کرو، اور تم جو کچھ بھی خرچ کرو گے بیشک اللہ اسے خوب جانتا ہے كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۳﴾ تورات کے نازل ہونے سے پہلے کھانے کی تمام چیزیں بنی اسرائیل کے لئے حلال تھیں سوائے ان چند چیزوں کے جو یعقوب (علیہ السّلام) نے اپنی مرضی سے خود اپنے اوپر حرام کرلی تھیں، اے نبی (ﷺ)! آپ ان سے فرمادیجئے کہ اگر تم سچے ہو تو تورات لے آؤ اور اسے پڑھو

یہود یہ ثابت کرنے کے لئے کہ مسلمان ابراہیم علیہ السلام کی پیروی نہیں کرتے، یہ کہا کرتے تھے کہ اونٹ کا گوشت اور بہت سی دوسری چیزیں جو یہ مسلمان کھاتے ہیں، ابراہیم علیہ السلام کی شریعت میں حرام تھیں، اللہ کی طرف سے یہ وضاحت کردی گئی کہ یہ جھوٹ ہے، ابراہیم علیہ السلام کی شریعت میں یہ تمام چیزیں حلال تھیں حتیٰ کہ ان کے بہت بعد میں نازل ہونے والی کتاب تورات سے بھی یہی ثابت ہے

فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ

ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ﴿۹۴﴾ پھر اس کے بعد بھی جو شخص اپنے خود ساختہ
جھوٹ کو اللہ کی طرف منسوب کرے تو وہی لوگ ظالم ہیں قُلۡ صَدَقَ اللّٰهُ ۟
فَاتَّبِعُوۡا مِلَّةَ اِبۡرٰهِيۡمَ حَنِيۡفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ﴿۹۵﴾ آپ فرما
دیجئے کہ اللہ نے جو کچھ فرمایا ہے وہی سچ ہے، سو اب تم یکسو ہو کر ابراہیم (علیہ السّلام)
کے دین کی پیروی کرو جو حق پسند تھے، اور یقیناً وہ مشرکوں میں سے نہیں تھے اِنَّ
اَوَّلَ بَيۡتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِىۡ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلۡعٰلَمِيۡنَ﴿۹۶﴾ۚ بیشک
سب سے پہلا گھر جو لوگوں کے لئے عبادت گاہ کے طور پر بنایا گیا وہی ہے جو مکہّ میں
ہے، اس کو خیر و برکت دی گئی ہے اور سارے جہان والوں کے لئے ہدایت کا مرکز
ہے فِيۡهِ اٰيٰتٌ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبۡرٰهِيۡمَ ۚ وَمَنۡ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ اس میں
بہت سی کھلی ہوئی نشانیاں ہیں جن میں سے ایک نشانی ابراہیم (علیہ السّلام) کا مقام
عبادت ہے، اور جو اس گھر میں داخل ہو گیا وہ امان پا گیا وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ
الۡبَيۡتِ مَنِ اسۡتَطَاعَ اِلَيۡهِ سَبِيۡلًا ؕ وَمَنۡ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِىٌّ عَنِ
الۡعٰلَمِيۡنَ﴿۹۷﴾ اور لوگوں پر اللہ کا یہ حق ہے کہ جو بھی اس گھر تک پہنچنے کی استطاعت
رکھتا ہو اُس پر اِس گھر کا حج فرض ہے، اور جو کوئی اس حکم کو ماننے سے انکار کرے تو وہ
جان لے کہ بیشک اللہ سب جہانوں سے بے نیاز ہے قُلۡ يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ لِمَ
تَكۡفُرُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيۡدٌ عَلٰى مَا تَعۡمَلُوۡنَ﴿۹۸﴾ آپ فرما دیجئے کہ
اے اہلِ کتاب! تم اللہ کی آیتوں کا کیوں انکار کرتے ہو؟ اور جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ

اسے دیکھ رہا ہے قُلۡ يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوۡنَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ مَنۡ
اٰمَنَ تَبۡغُوۡنَهَا عِوَجًا وَّ اَنۡتُمۡ شُهَدَآءُ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۹﴾

آپ فرما دیجئے کہ اے اہلِ کتاب! جو شخص ایمان لے آیا ہے تم اسے اللہ کی راہ سے کیوں روکتے ہو؟ تم اس کو بھی غلط راہ پر ڈالنا چاہتے ہو حالانکہ تم اس کے راہ راست ہونے پر خود گواہ ہو، اور جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ اس سے غافل نہیں ہے

[# 57]

In verses 92 to 99, Muslims are advised to spend their dearest things in the way of Allah. Some of the food items that were forbidden by the people of the book, explanation about them that all these things were halal in the Shari'ah of Abraham. Once again, a call to the People of the Book to accept Islam and a warning to those who reject it.

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ﴿۹۲﴾

[O believers], you shall never attain to [the highest] virtue of faith until you spend [in charity] from that, which you love most. And anything you spend, Allah knows it well.

كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ
اِسۡرَآءِیۡلُ عَلٰی نَفۡسِهٖ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ تُنَزَّلَ التَّوۡرٰىةُ ؕ قُلۡ
فَاۡتُوۡا بِالتَّوۡرٰىةِ فَاتۡلُوۡهَاۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿۹۳﴾

All food was lawful to the Children of Israel except what Israel [Israel was title of Jacob] had made unlawful to himself before the Torah was revealed. [O Prophet!] say: 'So bring the Torah and recite it, if you are truthful.

Just to prove that Muslims do not follow the way of Prophet Abraham, jews used to say that the camel meat and other items consumed by Muslims were unlawful in Abraham’s Shari'ah. This claim is refuted by stating that it is false. In Abraham’s Shari'ah, these items were indeed permissible and this is also confirmed in Torah, that was revealed after Ibrahim's time.

فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ﴿۹۴﴾

Then whoever fabricates lies against Allah after this [word of truth], it is they who are the wrongdoers.

قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۗ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴿۹۵﴾

Say, 'Allah has spoken the truth. So, follow the religion of Abraham, the monotheist-and he was not among those who associate partners with Allah.

اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِىْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّ هُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۶﴾

Indeed, the first House [of worship] established for mankind was that at Bekka - full of blessing and source of guidance for all the people of the world.

فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ

There are clear signs in it [such as] the place whereon Abraham once stood. And whoever enters it shall be safe & secure.

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَ
مَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾

Hajj-Pilgrimage to the Sacred House is a duty to Allah for all those who can make the journey. Whosoever denies, [should remember that] Allah is Self-sufficient and independent of all the world.

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖۗ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ
عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾

Say, 'O People of the Scripture, why do you disbelieve in the [revealed] signs of Allah, while Allah is a Witness over what you do?

قُلۡ يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوۡنَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ مَنۡ اٰمَنَ
تَبۡغُوۡنَهَا عِوَجًا وَّ اَنۡتُمۡ شُهَدَآءُ ؕ وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا
تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۹﴾

Say, 'O People of the Scripture, why do you stop the believers from the path of Allah, by trying to make it appear crooked, even though you are witnesses [to the truth]? And Allah is not unaware of what you do.'